رول نمبر: ______

انٹر میڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

**Objective**
**Paper Code**
**8028**

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

**نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مصنفہ ہوائی جاتے ہوئے ٹوکیو میں ٹھہری: | 2 دن | 3 دن | 4 دن | 6 دن |
| 2 | اکبری نے سرمہ لیا: | ایک پیسے کا | ایک روپے کا | دو آنے کا | دو روپے کا |
| 3 | انسان کے پاس پیرزادے بن کر آئے: | خسرو آرام | احتیاج و افلاس | تدبیر | محنت پسند |
| 4 | آلہ ٹیلی گرافی فنلے مورس نے ایجاد کیا: | ۱۸۳۸ء میں | ۱۸۳۹ء میں | ۱۸۴۰ء میں | ۱۸۴۱ء میں |
| 5 | یحییٰ بن منصور باپ تھا: | عبداللہ کا | حلاوہ کا | زبیر کا | ناظر کا |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | علی نے چار سیبوں کو ______ ۔ | کھایا | کھائے | کھائیں | کھائی |
| 7 | ہجوم نعرے لگا ______ ۔ | رہے ہیں | رہے ہے | رہا ہے | رہی ہے |
| 8 | اس کا باپ، بھائی، دوست کوئی باقی نہ ______ ۔ | رہے | رہا | رہیں | رہی |
| 9 | اس دنیا کا خالق اللہ ______ ہے۔ | صرف | محض | ہی | تو |
| 10 | وہ کالج نہ جا سکا ______ وہ بیمار تھا۔ | کیونکہ | لہٰذا | چوں کہ | بلکہ |

**رموزِ اوقاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سوالیہ جملے کے لئے علامت ______ ہے۔ | ، | ـ | ؟ | " " |
| 12 | مختصر ٹھہراؤ کی علامت ______ ہے۔ | ـ | ؛ | ، | : |
| 13 | ختمہ کو ______ بھی کہتے ہیں۔ | وقف مطلق | وقف لازم | نصف وقف | وقف خفیف |
| 14 | مشہور ہے ______ اتفاق میں برکت ہے۔ میں علامت آئے گی: | ختمہ | سکتہ | رابطہ | فجائیہ |
| 15 | فرمان نبوی ﷺ ہے: نماز مومن کی معراج ہے، میں علامت آئے گی: | قوسین | واوین | سکتہ | ندائیہ |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | اٹھنا : | تم جلدی اٹھا کرو | وہ درد سے بلبلا اٹھا | دھواں اٹھ رہا ہے | محفل سے مت اٹھو |
| 17 | لگنا : | مجھے سردی لگتی ہے | تم میرے کچھ نہیں لگتے | میں پڑھنے لگا ہوں | اس کے ہاتھ خزانہ لگ گیا |
| 18 | آنا : | وہ ہار لے آیا | علی گھر واپس آ گیا | تم کراچی سے کب آئے | جلدی سے آؤ گھر چلیں |
| 19 | چکنا : | اس نے ادھار چکا دیا | وہ زخموں سے چکنا چور ہو گیا | میں کھا چکا ہوں | میرے ہاتھ چکنے ہیں |
| 20 | رہنا : | یہاں کون رہتا ہے | احمد لاہور میں رہتا ہے | اتنی دیر کہاں رہے ہو | وہ کھانا کھا رہا ہے |